# NYC کی بارش کے لیے پیشگی تیاری: گھر کے مالکان کے لیے گائیڈ

## برساتی صورت حال کے دوران سیلاب آنے اور گٹروں سے پانی اُبل کر باہر آنے سے اپنے گھر کی حفاظت کے لیے تدابیر



NYC Environmental Protection

## خود کو اور اپنے خاندان کو سیلاب سے بچانے کے حوالے سے اہم تجاویز

### سیلابی خطرے سے آگاہ رہیں

- موجودہ وقت میں شدید طوفان کے دوران خود کو لاحق ممکنہ خطرے کی سطح سے آگاہ رہنے اور اپنے قرب و جوار میں موجود ان مقامات کے بارے میں جاننے کے لیے **nyc.gov/stormwater-map** ملاحظہ کریں جہاں پر راستے ممکنہ طور پر سیلاب کی زد میں آ سکتے ہیں۔
- سیلابی تباہ کاری کی انشورنس اور سیلابی بحالی کے متعلق مزید **floodhelpny.org** پر ملاحظہ کریں۔

### آگاہ رہیں

ہنگامی واقعات اور اہم سروسز سے متعلق معلومات کے لیے 311 پر کال کر کے یا **nyc.gov/notifynyc** پر جا کر شہر کے باضابطہ ذریعہ معلومات، Notify NYC میں سائن اپ کریں۔

### تیار رہیں

متعلقہ افسران کی جانب سے مقامی موسم کی پیشن گوئیاں اور اعلانات سنتے رہیں اور عجلت میں اپنا گھر چھوڑنے کی صورت میں ضروری سامان کا ایک بیگ تیار رکھیں جسے اٹھا کر آپ فوراً روانہ ہو سکیں۔ سیلاب زدہ علاقوں سے گاڑی گزارنے یا وہاں سے پیدل گزرنے سے ہمیشہ گریز کریں۔

سڑکوں پر سیلابی پانی کھڑا ہونے یا نکاسی کے نالے سے ایسا پانی اُبل کر واپس نکلنے، جو آپ کے گھر کی صورتِ حال کے باعث نہ ہو، کی اطلاع دینے کے لیے **311 پر کال کریں۔**

مزید معلومات کے لیے، **rainfallready.nyc** ملاحظہ کریں یا اس QR کوڈ کو اسکین کریں:

Para una copia en español, visite rainfallready.nyc

中文翻译，请访问 rainfallready.nyc

Для копии на русском языке, посетите rainfallready.nyc

Pou yon kopi nan lang kreyòl ayisyen, vizite rainfallready.nyc

한국어 복사본이 필요하시면, rainfallready.nyc 를 방문하여 주세요

Dla kopii w języku polskim, odwiedzić rainfallready.nyc

বাংলা কপির জন্য, অনুগ্রহ করে rainfallready.nyc ওয়েব সাইটে যোগাযোগ করুন

Pour lire ce document en français, visitez rainfallready.nyc

Per ricevere una copia in italiano visita la pagina rainfallready.nyc

للحصول على نسخة باللغة العربية، الذهاب الى rainfallready.nyc

اردو ترجمہ کے لئے rainfallready.nyc ملاحظہ کریں

כדי צו באַקומען אַ קאָפּיע אויף ייִדיש גייט צו

NYC 311

NYC Environmental Protection

BPAC 63 – Urdu – 2022

## تجویز 1 کیچ بیسنز کی جالیوں کو صاف رکھنے میں مدد کریں


7,500 شہر کی DEP میل طویل نکاسی کے مرکزی نالوں اور 150,000 کیچ بیسنز کو باقاعدگی سے صاف کرتا اور ان کی مرمت کرتا ہے۔ کیچ بیسنز کی جالیوں پر پھنسا کچرا سیلابی پانی کو نالوں میں داخل ہونے سے روک سکتا ہے، جس کے باعث گلیوں میں سیلاب آ سکتا ہے۔ برساتی صورت حال سے قبل یا اس کے دوران مناسب طریقے سے کچرا صاف کر کے اور کیچ بیسز کی جالیوں سے احتیاط سے پتے یا گھاس پُھونس ہٹا کر آپ اس کام میں مدد دے سکتے ہیں۔

## تجویز 2 نالوں سے چکنائی کو دور کریں

نکاسی کی سروس لائن جو شہر کے مرکزی نکاسی کے نالے سے آپ کی گلی میں موجود آپ کے گھر کے نالے سے مربوط ہوتی ہے، وہ گھروں کے مالکان کی ملکیت ہوتی ہے اور ان کی مرمت ان کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ چکنائی والی اشیاء اور کوکنگ آئل آپ کے گھر کے اندرونی پائپوں اور شہری نکاسی کے نالوں، دونوں کو ہی بند کر سکتا ہے اور نکاسی کے نالوں سے پانی باہر آنے کا مؤجب بن سکتا ہے۔ براہ کرم چکنائی والی اشیاء کو کسی ایسے برتن میں ڈالیں جس پر "کوکنگ آئل – دوبارہ ناقابلِ استعمال" کا لیبل لگا ہوا ہو اور اسے گھر کے روزمرہ کے کچرے کے ساتھ تلف کر دیں۔

## تجویز 3 گلی کی سطح سے نیچے کی جگہوں کی حفاظت کریں

زیرِ زمین گیراجوں اور بیسمنٹ کے دروازوں جیسی جگہیں جو گلی کی سطح سے نیچے ہوں، وہاں سیلاب آنے کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ دیواروں کی بنیادوں میں شگافوں کو بند کر کے سیلاب کے خطرے کو کم کریں۔ سطح کے برابر یا اس سے نیچے کی کھڑکیوں اور دروازوں میں پانی داخل ہونے سے روکنے کے لیے آپ باآسانی نصب ہونے والے سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی جنگلے بھی خرید سکتے ہیں۔ سینڈ بیگز بھی حد بندی کے لیے ایک کم خرچ اختیار ہو سکتے ہیں۔ دیگر اختیارات میں ونڈو ویلز، دروازوں کے گرد سیلاب سے بچاؤ کی دیواریں، اور داخلی راستوں پر سیلاب سے بچاؤ کے لیے گیٹس شامل ہیں۔ یقینی بنائیں کہ استعمال ہونے والے کوئی بھی حفاظتی جنگلے ہنگامی صورت حال کے دوران گھر سے انخلاء کی صورت میں، آپ کے گھر کے اہم خارجی راستوں میں رکاوٹ پیدا نہ کریں۔




## تجویز 4 چھتوں پر مناسب پرنالوں کی تنصیب کریں

اپنے بیسمٹ کو خشک رکھنے کے لیے اپنے گھر کی دیواروں کی بنیادوں سے دور سیلابی پانی کے اخراج کے لیے مناسب راستہ بنانا نہایت ضروری ہے۔ اپنے گھر کے گٹروں کو باقاعدگی سے صاف کریں اور نچلی سطح کی نالیوں کو مناسب نالوں کے ساتھ جوڑ دیں۔ سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے کے متبادل طریقے کے طور پر برساتی پانی کے بیرل کی تنصیب پر غور کریں - بعد میں آپ اس ذخیرہ شدہ پانی کو اپنی گاڑی دھونے یا اپنے صحن کو پانی دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں!

## تجویز 5 بیک واٹر والو کی تنصیب پر غور کریں

بیک واٹر والو زمین دوز نصب شدہ پلمبنگ اشیاء جیسے کہ ٹوائلٹس، سِنکس، اور نالوں کے ذریعے آپ کے گھر میں نالوں سے نکلنے والے پانی کے جمع ہونے کو روک سکتے ہیں۔ اگر آپ نے پہلے ہی بیک واٹر والو نصب کر رکھا ہو، تو والو کے بند ہوتے ہوئے آپ کو زمین دوز نصب شدہ پلمبنگ اشیاء کا استعمال نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ اس سے آپ کے گھر میں سیلاب آنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ بعض صورتوں میں، نالوں سے پانی کے اخراج کو روکنے کے لیے نالوں کے پلگز کا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ فیصلہ کرنے میں مدد کے حصول کے لیے کسی پلمبر سے رابطہ کریں کہ آیا بیک واٹر والو آپ کے گھر کے لیے موزوں ہے

## تجویز 6 سیلابی پانی کے بہاؤ میں کمی لائیں

اپنے گھر کے ارد گرد سبزہ اگانے اور اس کی حفاظت کرنے سے بھی سیلابی پانی کے نکاسی کے نالوں کے بہاؤ میں کمی کی جا سکتی ہے، جس سے سیلابی پانی کی روک تھام یا اس میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ گھر میں صحن یا پیدل راستہ بناتے وقت، کنکریٹ کی متبادل اشیاء کے استعمال کو زیرِ غور لائیں جیسے کہ پیدل راستے کے سوراخ دار پتھر، جن سے پانی زمین میں جذب ہونے میں مدد ملتی ہے۔

## تجویز 7 ضروری ساز و سامان کی حفاظت کریں

(بوائلرز، برقی پینلز، ہیٹرز، جنریٹرز، یوٹیلیٹیز، اور میٹرز جیسے) ضروری ساز و سامان کو کسی اونچی سطح پر رکھیں، تاکہ انہیں نقصان نہ پہنچ سکے، اور اگر ممکن ہو، تو بالائی منزل یا زمین سے اوپر سیلاب کی سطح سے بلند جگہ پر رکھیں۔ اگر مذکورہ مقام پر اکثر و بیشتر پانی آتا ہو تو اس صورت میں دیگر اختیارات میں حفاظتی جنگلوں کا استعمال کر کے ساز و سامان کی حفاظت، چھتوں کو خشک رکھنے کے لیے ان کی ترچھی تعمیر، یا زیرِ آب قابلِ عمل/واٹر پروف ساز و سامان شامل ہیں۔